سرکاری رپورٹ

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## مباحثات 2021

منگل، 3-اگست 2021

(یوم الثلاثہ، 23- ذوالحج 1442 ھ)

## سترہویں اسمبلی: چونتیسواں اجلاس

جلد 34 : شمارہ 8

325

# ایجنڈا

# برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب

## منعقدہ 3۔اگست 2021

## تلاوت قرآن پاک وترجمہ اور نعت رسول مقبول ﷺ

## سوالات

(محکمہ جات مال وکالونیز اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ)

## نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

## زیرو آر نوٹس

## غیر سرکاری ارکان کی کارروائی

## حصہ اوّل

## مسودات قانون

1. The Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill 2021 (Bill No. 55 of 2021)

MR SAJID AHMED KHAN: to move that the message of the Governor in respect of the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill 2021, as passed by the Assembly on 13-7-2021 be taken into consideration at once.

MR SAJID AHMED KHAN: to move that the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill 2021, as originally passed by the Assembly and returned by the Governor under Article 116(2)(b) of the Constitution, be reconsidered by the Assembly in the light of the message of the Governor.

to move that the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill 2021 as originally passed by the Assembly be passed again.

326

2. The Qarshi University (Amendment) Bill 2021 (Bill No. 49 of 2021)

| | |
|---|---|
| MR SAJID AHMED KHAN:<br>MIAN SHAFI MUHAMMAD:<br>MS KHADIJA UMAR: | to move that the requirements of rule 95(3) of the Rules of Procedure of the Provincial Assembly of the Punjab 1997 may be dispensed with under rule 234 of the Rules ibid, for immediate consideration of the Qarshi University (Amendment) Bill 2021. |
| MR SAJID AHMED KHAN:<br>MIAN SHAFI MUHAMMAD:<br>MS KHADIJA UMAR: | to move that the Qarshi University (Amendment) Bill 2021, as recommended by Special Committee No 9, be taken into consideration at once. |
| MR SAJID AHMED KHAN:<br>MIAN SHAFI MUHAMMAD:<br>MS KHADIJA UMAR: | to move that the Qarshi University (Amendment) Bill 2021, be passed. |

3. The Aspire University Lahore Bill 2021 (Bill No. 51 of 2021)

| | |
|---|---|
| MR SAJID AHMED KHAN:<br>MIAN SHAFI MUHAMMAD:<br>MS KHADIJA UMAR: | to move that the requirements of rule 95(3) of the Rules of Procedure of the Provincial Assembly of the Punjab 1997 may be dispensed with under rule 234 of the Rules ibid, for immediate consideration of the Aspire University Lahore Bill 2021. |
| MR SAJID AHMED KHAN:<br>MIAN SHAFI MUHAMMAD:<br>MS KHADIJA UMAR: | to move that the Aspire University Lahore Bill 2021, as recommended by Special Committee No 9, be taken into consideration at once. |
| MR SAJID AHMED KHAN:<br>MIAN SHAFI MUHAMMAD:<br>MS KHADIJA UMAR: | to move that the Aspire University Lahore Bill 2021, be passed. |

4. The Institute of Management and Applied Sciences Khanewal Bill 2021 (Bill No. 50 of 2021)

| | |
|---|---|
| MR SAJID AHMED KHAN:<br>MIAN SHAFI MUHAMMAD:<br>MS KHADIJA UMAR: | to move that the requirements of rule 95(3) of the Rules of Procedure of the Provincial Assembly of the Punjab 1997 may be dispensed with under rule 234 of the Rules ibid, for immediate consideration of the Institute of Management and Applied Sciences Khanewal Bill 2021. |
| MR SAJID AHMED KHAN:<br>MIAN SHAFI MUHAMMAD:<br>MS KHADIJA UMAR: | to move that the Institute of Management and Applied Sciences Khanewal Bill 2021, as recommended by Special Committee No 9, be taken into consideration at once. |
| MR SAJID AHMED KHAN:<br>MIAN SHAFI MUHAMMAD:<br>MS KHADIJA UMAR: | to move that the Institute of Management and Applied Sciences Khanewal Bill 2021, be passed. |

327

5. The University of South Asia, Lahore (Amendment) Bill 2021.

| | |
|---|---|
| MR SAJID AHMED KHAN:<br>MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH: | to move that leave be granted to introduce the University of South Asia, Lahore (Amendment) Bill 2021. |
| MR SAJID AHMED KHAN:<br>MR MUHAMMAD ABDULLAH WARRAICH: | to introduce the University of South Asia, Lahore (Amendment) Bill 2021. |

## حصہ دوم

## قراردادیں

(مفاد عامہ سے متعلق)

## (مورخہ 27 جولائی 2021 کے ایجنڈے سے زیر التواء قرارداد)

1- شیخ علاؤالدین: (پیش ہو چکی ہے)

معزز ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ (Resident) اور (Non-Resident) پاکستانیوں کے لئے شرح منافع جو (Non-Resident) کے لئے 7% غیر ملکی کرنسی پر اور ملکی کرنسی پر 11% تک دیا جا رہا ہے۔ جبکہ (Resident) پاکستانیوں کو غیر ملکی کرنسی پر مشکل سے 1% اور پاکستانی کرنسی پر 3% سے 4% دیا جارہا ہے اور (Resident) پاکستانیوں سے اس منافع پر بھی 35% تک ٹیکس لیا جارہا ہے جبکہ (Non-Resident) سے منافع کی حد کے قطع نظر صرف 10% لیا جارہا ہے۔ اس ظلم اور زیادتی کو فوری طور پر ختم کیا جانا ضروری ہے اور یکساں شرح منافع کا ملنا انتہائی ضروری ہے۔

329

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## سترہویں اسمبلی کا چونتیسواں اجلاس

منگل،3۔اگست 2021

(یوم الثلاثہ،23۔ذوالحج 1442 ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبرز لاہور میں شام 4بج کر15منٹ پر زیر صدارت جناب سپیکر جناب پرویزالٰہی منعقد ہوا۔

تلاوت قرآن پاک وترجمہ قاری رمضان قادر نے پیش کیا۔

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیمo

بسم اللہ الرحمٰن الرحیمo

يٰۤاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَىِٕنَّةُ ﴿۲۷﴾ ارْجِعِيْۤ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً
مَّرْضِيَّةً ﴿۲۸﴾ فَادْخُلِيْ فِيْ عِبٰدِيْ ﴿۲۹﴾ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ ﴿۳۰﴾

سورہ الفجر آیات 27تا30

اے اطمینان پانے والی روح(27)اپنے پروردگار کی طرف لوٹ چل۔ تو اس سے راضی وہ تجھ سے راضی(28)تو میرے (ممتاز) بندوں میں شامل ہو جا(29)اور میری بہشت میں داخل ہو جا(30)

وماعلینا الا البلاغo

نعتِ رسولِ مقبول ﷺ جناب سرور حسین نقشبندی نے پیش کی۔

## نعتِ رسولِ مقبول ﷺ

چلے نہ ایمان اِک قدم بھی اگر تیرا ہمسفر نہ ٹھہرے
ترا حوالہ دیا نہ جائے تو زندگی معتبر نہ ٹھہرے
لبوں پہ ایاک نستعیں ہے اور اِس حقیقت پہ بھی یقیں ہے
اگر ترے واسطے سے مانگوں کوئی دعا بے ثمر نہ ٹھہرے
حقیقتِ بندگی کی راہیں مدینہ طیبہ سے گزریں
ملے نہ اُس شخص کو خدا بھی جو تیری دہلیز پر نہ ٹھہرے
دکھا دو جلوہ بغور اِس کو، بلا لو اِک بار اور اِس کو
کہیں مظفر بھی شاخ پر سُوکھ جانے والا ثمر نہ ٹھہرے

## سوالات

### (محکمہ جات مال و کالونیز اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ)

**جناب سپیکر:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں سیکرٹری اسمبلی سے کہوں گا کہ گیلری میں ایک شخص کھڑا ہو کر سکرین شارٹ لے رہا ہے اِدھر سے کوئی جائے وہ جا کر اس کا سکرین شارٹ لے۔ وہاں دو تین افراد بھیجیں وہ باہر نہ نکل سکے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

### نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات کا مؤخر کیا جانا

آج ہاؤس کی اجازت سے ہم وقفہ سوالات کو pending کر کے پرائیویٹ بزنس کو take up کرتے ہیں۔ میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ ممبران کا جو privilege ہے اور جو amendment آج آپ کے سامنے ہے اس کو دراصل گورنر صاحب نے ہی یہاں بھیجا ہے کہ اس میں ایک نکتہ ایسا ہے جس سے صحافیوں کا privilege breach ہوتا ہے لہٰذا آپ اس کو amend کر دیں۔ میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ آپ ممبران کی مہربانی سے Privilege Act intact ہے، گورنر صاحب نے اس پر دستخط کر کے بھیج دیا ہے اور ہم نے اس کا gazette notification بھی کر دیا ہے۔ Privilege Act اس وقت لاگو ہے، کوئی غلط فہمی میں نہ رہے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

یہ صرف ایک amendment ہے جس پر اتنے زیادہ ڈرامے ہو رہے ہیں۔ ہمیں گورنر کی طرف سے آیا تھا کہ اس میں میڈیا کا issue ہے لہٰذا اس کو دیکھ لیں۔ پھر ہم نے اس کو بیٹھ کر دیکھا، میڈیا کو بلایا اور اس issue پر consult کیا۔ اس میٹنگ میں لاء منسٹر صاحب بھی موجود تھے اُن کی بات صحیح تھی اس لئے ہم نے اس کو amend کیا۔ صرف ایک شق ہے جس کی وجہ سے گورنر نے ہمیں دوبارہ بھیجا ہے۔ جب ہم اسے پاس کر دیں گے تو پھر یہ گورنر کے پاس جائے گا اور اب دس دن بعد ہم خود ہی اس کا gazette notification کریں گے کیونکہ یہ ہمارے rules اور Act میں ہے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

اب ہم اس بل کی طرف آتے ہیں۔

## غیر سرکاری ارکان کی کارروائی

### مسودات قانون

### (جو زیر غور لائے گئے)

### مسودہ قانون (ترمیم) استحقاقات صوبائی اسمبلی پنجاب 2021

**MR SPEAKER:** Now, we take up the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill 2021. Mr Sajid Ahmed Khan may move the motion for consideration of the message of the Governor.

**MR SAJID AHMED KHAN:** Mr Speaker, I move:

> "That the message of the Governor in respect of the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill 2021, as passed by the Assembly on 13-7-2021 be taken into consideration at once."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

> "That the message of the Governor in respect of the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill 2021, as passed by the Assembly on 13-7-2021 be taken into consideration at once."

Mr Sajid Ahmed Khan may move the motion for reconsideration of the Bill.

**MR SAJID AHMED KHAN:** Mr Speaker, I move:

> "That the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill 2021, as originally passed by the

> Assembly and returned by the Governor under Article 116(2)(b) of the Constitution, be reconsidered by the Assembly in the light of the message of the Governor."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

> "That the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill 2021, as originally passed by the Assembly and returned by the Governor under Article 116(2)(b) of the Constitution, be reconsidered by the Assembly in the light of the message of the Governor.

**Now, the question is:**

> "That the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill 2021, as originally passed by the Assembly and returned by the Governor under Article 116(2)(b) of the Constitution, be reconsidered by the Assembly in the light of the message of the Governor.

(The motion was carried unanimously.)

**MR SPEAKER:** Since the motion for the reconsideration of the Bill has been carried and no specific amendment has been proposed in any clause of the Bill. Mr Sajid Ahmed Khan may move the motion for passage of the Bill.

**MR SAJID AHMED KHAN:** Mr Speaker, I move:

> "That the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill 2021, as originally passed by the Assembly, be passed again."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

> "That the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill 2021, as originally passed by the Assembly, be passed again."

**Now, the question is:**

> "That the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill 2021, as originally passed by the Assembly, be passed again."

(The motion was carried.)

(The Bill after reconsideration by the Assembly is passed again, unanimously.)

Applause!

**جناب سپیکر:** میں اس میں تھوڑی سی مزید وضاحت کر دوں۔ یہاں جتنے بھی ممبران تشریف فرما ہیں وہ سارے ہی میرے لئے قابل احترام ہیں۔ ایک دو بیوروکریٹس نے خوامخواہ بات کا بتنگڑ بنایا تھا اور اُنہوں نے کسی کو بھی سمجھ نہیں لگنے دی کہ اصل Bill کیا ہے، مسئلہ کیا ہے اور اُن کی اپنی تکلیف کیا ہے؟ تکلیف یہ نہیں ہے کیوں کہ آپ ممبران نے فیصلہ کیا ہے اور پارلیمنٹ قانون بناتی ہے، اس میں سارے قوانین آپ نے بنائے ہیں۔ آپ کو یاد ہو گا کہ ریسکیو 1122 ہم نے اتنا اچھا ادارہ بنایا وہ dysfunctional ہو گیا تھا اور بیوروکریسی اس کو آگے چلنے نہیں دے رہی تھی۔ as an independent ہم چاہ رہے تھے کہ یہ محکمہ بن جائے گا، ان کے چنگل سے نکلے گا اور جہاں جہاں help چاہئے ہوتی ہے وہ نہیں پہنچ رہی ہے، اُس کی quality خراب ہو رہی ہے، لوگ چھوڑ کر جا رہے ہیں، اُن کی اتنی ٹریننگ کے اوپر حکومت کے پیسے لگے ہیں وہ چھوڑ کر جا رہے ہیں۔ اُس حوالے سے جب ہم اِن کے ساتھ بیٹھے تو اُس میں اپوزیشن کے بھی دوست تھے گورنمنٹ سے بھی دوست تھے وہ بھی خود حیران تھے کہ ان کو تکلیف کیا ہے کہ ایک اتنا اچھا ادارہ بنایا ہے جس کو United Nation نے بڑے انعامات دیئے ہیں تو ہمارے اپنے ملک کا یہ حال ہے تو پھر اس ادارے کا کیا بنے گا

؟ یہ کہہ رہے تھے کہ ہم نے اُس کو نہیں ہونے دینا یہ ریسکیو 1122 کا کام، جس کا سارے پنجاب کے غریب لوگوں کی بھلائی کا کام تھا بہتری کا کام تھا، آج الحمد للہ یہ سارا آپ کے ہاتھوں ہوا ہے، تو میں ان کو کہہ رہا تھا کہ اس اجر میں سارے شامل ہو جاؤ لیکن اُن کی قسمت میں نہیں تھا تو وہ سب سے پہلی hurdleاس Billکی وجہ سے remove ہوئی۔ دوسرا اُس کے بعد یہ کوئی طریق کار ہے کہ بیٹھے بیٹھائے کسی کا کان مروڑ دو، ہر ایک ممبر کا right ہے، ڈی سی کسی ممبر کا کان مروڑ دے، کسی کے گھر کے اندر پولیس داخل ہو جائے، تو جو اسمبلی کی اپنی privilege committee ہے اُس کے بارے میں آپ یہ سن کر حیران ہوں گے کہ privilege committee کے چیئرمین نے مجھے لکھ کر بھیجا ہے کہ میری اپنی privilege breach ہو گئی ہے۔

(اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اختلاف کی طرف سے ''شیم شیم'' کی نعرہ بازی)

privilege committee کے چیئرمین کا لیٹر میں آپ ممبران کو circulate کروں گا، آپ حیران رہ جائیں گے، میں نے اُنہیں کہا کہ آپ کو کیا ہوا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ایک تو میں جب کسی کو بلاتا ہوں تو آتا کوئی نہیں، دوسرا جو آتا ہے وہ مجھے آنکھیں نکالتا ہے۔ یہ آپ کا state of affair چل رہا تھا۔ میں نے پتہ کیا senate کے چیئرمین سے بات کی وہاں سے اُن کے رولز منگوائے۔ میں نے پتہ کیا اور نیشنل اسمبلی کے رولز منگوائے انہوں نے کہا کہ یہاں تو بیوروکریٹ ایسے آتے ہیں کہ اُڑتے آتے ہیں کیوں کہ انہوں نے آئین کے تحت ایکٹ پاس کیا ہوا تھا تو میں نے کہا کہ نکالیں ہمارا ایکٹ کدھر ہے ؟ انہوں نے کہا کہ یہ آئین کہتا ہے، یہ آپ کا right ہے اور اگر آئین نے کہا ہے کہ ہر صوبہ اس کو سامنے رکھ کر اپنا ایکٹ بنائے تو ہم نے وہ آئینی کام کیا ہے، ایکٹ بنایا اور ایکٹ نے وہ اختیارات آپ کو دے دیئے۔ دو تین دفعہ اِدھر ایک واقعہ ہوا کہ پولیس والوں نے گوجرانوالہ میں کسی ایم پی اے کے گھر جا کر اُدھم مچایا اُن کی والدہ بیمار تھی اُس کو آکسیجن لگی ہوئی تھی اِن کو کوئی پوچھنے والا ہی نہیں تھا کوئی روکنے والا ہی نہیں تھا یہ حادثہ یہاں بیٹھے ہوئے کسی کے ساتھ بھی ہو سکتا ہے۔ فیاض الحسن چوہان صاحب کو میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں اگر یہ نہ پہنچتے تو وہ جو دوسرے چوہان صاحب ہیں اُن کو تو اللہ تعالیٰ نے نئی زندگی دی ہے تو یہ واقعات کسی کے ساتھ بھی ہو سکتے ہیں۔ آپ دوسروں کے لئے قانون سازی کر کے اُن کے لئے سہولتیں سارے پنجاب میں provide کرنے والے ہیں تو جہاں آپ کی اپنی privilege کا یہ حال ہو کہ آپ پر تلوار لٹک رہی

ہو، آپ کے اوپر یہ ہو کہ یہ ڈی سی میرے گھر والوں کو پکڑ لے گا، یا پولیس کوئی تھانیدار ہمارے گھر بھیج دے گی تو پھر ہمیں یہاں بیٹھنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ کیا فائدہ یہاں بیٹھنے کا؟ آپ دیکھنا اب ان کی جرات نہیں ہو گی دو تین مثالیں ہم نے بنانی ہیں یہ یاد کریں گے کسی ایم پی اے سے بات کرتے وقت ۔ کسی ایم این اے سے یہ اس طرح سے نہیں بولتے ان کو پتا ہے کہ اُن کی privilege committee بڑی فعال ہے وہ فوراً حاضر کر لے گی اور فوراً اُس کے اوپر ایکشن ہو جائے گا۔

اب میں سمجھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی خاص کرم نوازی ہے کہ ہم سب نے اور آپ نے ہمت کر کے ایک ایسا کام کیا ہے کہ آئندہ آنے والی نسلیں آپ کو یاد رکھیں گیں۔ یہ جو ہو رہا تھا وہ آپ اپنی گورننس ٹھیک کریں، حکومت اپنی گورننس کیوں نہیں ٹھیک کرتی؟ اُس کی کیا وجہ ہے آپ اپنا کام کریں پارلیمنٹ میں جو آپ کے بل آئے ہیں اُن کو دیر نہیں لگی ہے۔ راجہ صاحب بیٹھے ہوئے ہیں ان کی مہربانی ہے کبھی میں ان کو request کر لیتا تھا کہ یہ سب کے مفاد میں ہے اس میں یہ ہے، مہربانی کریں اور نئی نئی حکومت ہے، چلیں اب مہربانی ہے اس طرح کر کے ہم نے تین سال نکالے ہیں ان کے لئے منتیں کرتے رہے ہیں۔ ہم جن کے لئے منتیں کرتے رہے ہیں اُہ ساڈے ہی بھانڈے بھنن لگے ہوئے نیں۔ اب یہ نہیں ہو گا اب دو سال رہ گئے ہیں اب یہ deliver کر کے دکھائیں گے۔ اب ان کو ہاؤس کے اندر جواب دہ ہونا ہو گا۔ آئین کے تحت، قانون کے تحت تمام cabinet ہاؤس کو جوابدہ ہے، ایک بیورکریٹ اُٹھتا ہے کہتا ہے کہ میں تو کسی کو جوابدہ نہیں ہوں کیوں بھائی آپ نے ٹھیکہ لیا ہوا ہے کسی کام کا، ایک اُٹھتا ہے کہ دیکھیں میں یہ کر رہا ہوں، میں وہ کر رہا ہوں، کوئی جا کر کان میں یہ کہہ دیتا، کوئی وہ کہہ دیتا ہے۔ نہ کوئی عقل نہ کوئی سمجھ اس طرح حکومتیں چلتی ہیں۔ اب حکومت کو بھی کام کرنا ہو گا، ہم نے اپنا کام شروع کر دیا ہے، اب حکومت کام کر کے دکھائے، ایم پی ایز کو deliver کر کے دکھائے اب منتوں سے کام نہیں چلنا۔

**جناب طارق مسیح گل:** جناب سپیکر! تیری دلیری نوں سلام۔

**جناب سپیکر:** جی، اب سید حسن مرتضیٰ بات کریں گے اُس کے بعد خلیل طاہر سندھو بات کریں گے اور سید عثمان محمود بھی اپوزیشن کی طرف سے بات کرنا چاہ رہے ہیں وہ بھی بات کریں گے۔

**جناب سمیع اللہ خان:** جناب سپیکر!۔۔۔

**جناب سپیکر:** جی، سید حسن مرتضیٰ!

**سید حسن مرتضیٰ:** جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ میں آج ایس سارے ہاؤس نوں مبارکباد دیند اواں بلکہ میں پنجاب پورے نوں جیہڑا اک عرصے توں کسے اک طبقے دے رحم و کرم تے سی میں اج اُس پورے پنجاب دے 12 کروڑ عوام نوں مبارکباد دیند اواں کہ تہاڈے representative جیہڑے نیں اس صوبے دی بہتری لئی کم دا آغاز کر رہے نیں۔

جناب سپیکر! تہاڈی گلاں سن کے بڑی خوشی ہوئی کہ چلو دیر آیا درست آیا اور تسیں اوہ حقائق وی بیان کیتے جیہڑے اسیں ایتھے کھڑے ہو کہ اکثر گزارش کرنے آں کہ political engineering ہوندی اے، کن مروڑے جاندے نیں، بانہواں مروڑیاں جاندیاں نیں، فنڈز روک کے تے لوکاں دیاں سیاسی وفاداریاں تبدیل کیتیاں جاندیاں نیں، ضمیراں دی خرید و فروخت ہوندی اے اور میں پہلے وی عرض کر چکیا واں کہ اس ہاؤس دے اندر چاہے کوئی divide دی اُس سائڈ تے بیٹھا، چاہے کوئی divide دی ایس سائڈ تے بیٹھا اے، اوہ اپنی اپنی عوام نوں ، اپنیاں لوکاں نوں جوابدہ ہے۔ ایس ملک دے اندر ہر اوہ کم جیہڑا کسے بیوروکریٹ دی مرضی ہوندی اے اوہ پارلیمینٹرین توں کروانداا ے اور فیر اوتھے بہہ کے اونہاں دا مذاق تے اونہاں دی تضحیک وی کرواندا اے۔ اونہاں تے اپنی supremacy، بالادستی تے رعب جمان دی خاطر ساڈیاں زباناں وی استعمال کردا اے، ساڈے ہتھ وی استعمال کردا اے اور ساری blame game ساڈے کھاتے پادیندا اے تے خود اوہ بالکل پاک دامن صاف ستھرا اپنے گھر بیٹھا اے۔ ایتھے اگے سارے منسٹرز بیٹھے نیں اک single penny ایہناں دے sign نال نئی نکلدی۔ ہر فائل بیوروکریٹ دی مرضی نال چلدی اے۔ ہر allocation بیوروکریٹ دے رحم و کرم تے ہوندی اے لیکن نیب دا کیس وزیر تے بن دا اے تے چور وزیر ہوندا اے۔ میں ایتھے بجٹ سیشن وچ گل کیتی کہ تسی جیہڑا ضمنی بجٹ تیرہ، چودہ ارب روپے دے رَہے او تسی مراعات یافتہ طبقے نوں مزید مراعات یافتہ کر رہے او۔ بدقسمتی نال میں تیجے یا چوتھے دن مراعات یافتہ طبقے کول چلا گیا اوہ مینوں آکھدا ایہہ کہ یار تو تے اوہ ہی نئی جیہڑا بڑیاں پنجابی وچ ودھ ودھ کے گلاں کرداں ایں۔ میں آکھیاں ہاں جی میں اوہ ہی آں تے فیر اوس آکھیا کہ ایہہ پیسے نومبر تک آون گے۔ اوہ پیسے اک شہید نوں ملنے سن لیکن

اوہنے اوہ پیسے نئی دتے۔ میں کسے نوں blame نئی کرریا نہ ہی میں ایہہ کہہ ریاں آں کہ ایہہ سب کجھ حکومت کردی اے۔ اسی وی اوسے بیوروکریسی تے اوسے افسر شاہی دے خوشامد وچ قصیدے پڑھ رہ ہونے آں۔ اج اسمبلی دے اتنا خوف وہر اس اے کیونکہ ہر ڈپٹی کمشنر آپدے ایم پی اے نوں فون کرر ہیا سی کہ اج تُسی اسمبلی نئی جانا، بھئی کیوں؟ ایہہ فون حکومتی ایم پی ایز نوں کیتے جارہے سن سانوں فون کرن دی کسے نوں جرات نئی۔ میں اج وی تہاڈے چیمبر وچ بیہہ کے کہہ ریا ساں۔ اگر میری کوئی وڈیو آوے کہ جناب میں بالکل ٹھیک آں تے تہاڈی بڑی مہربانی کہ میں بیماری دی وجہ توں نئی آریا کوئی گل نئی مینوں produce نہ کرن تسی کجھ نہ کرنا تے اوہ وڈیو وی زبردستی بنی ہونی جے۔ ساڈی پنجاب اسمبلی اک ڈپٹی ڈائریکٹر دے حوالے کردتی گئی اے۔ اک ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے کسی وی ایم پی اے نوں چک کے تشدد کرسکدا اے۔ کسی وی ایم پی اے نوں لتر مار سکدا اے۔ اسی جیہڑا ایکٹ پاس کررہے آں تے اوہدے نال کسے شخصیت نوں مضبوط نئی کررہے، اسی کوئی سپیکر پنجاب اسمبلی نوں اختیارات نئی دے رہے، اسی کسی بزدار دے ہتھ مضبوط نئی کررہے، اسی کسی حمزہ شہباز دے ہتھ مضبوط نئی کررہے بلکہ اسی پنجاب اسمبلی دی proceedings نوں بچان لئی اونہاں دی عملداری لئی civil supremacy لئی عام آدمی دے اقتدار دے لئی سارا کُجھ کررہے آں۔ ساڈی جاناں وی محفوظ نئی جے تے کی میں ایہہ پچھ سکدا آں کہ اک ایس پی دے پچھے سیکورٹی دا پولیس ڈالہ کیوں ہوندا اے؟ اوس ایس پی نے کیہڑے چراغ بالی مارے نیں، اوہنے کیہڑے ڈاکو پھڑے نیں تے اوہنے ہن تک کنے دہشت گرد مارے نیں، کیا ایتھے موجود public representative and tax payer نوں security provide کرنا حکومت دی ذمہ داری نئی؟ میں لاء منسٹر صاحب نوں آکھیا کہ مینوں وی سیکورٹی دی ضرورت اے۔ میرے remote areas نیں تے اونہاں وچ میں راتاں نوں travel کرناں لیکن میرے لئی کوئی سیکورٹی نئی لیکن اوس ایس پی دے پچھے ڈالہ چلنا بہت ضروری اے کیوں ضروری اے کیوں ایس پی اپنا تحفظ نئی کرسکدا؟ کنے شرم دی گل اے کہ ساڈے آئی جی آفس دی سائیڈ تے بکتر بند گڈیاں وچ گشت ہوریا اے تے ویہہ ویہہ فٹ دیاں فصیلاں قائم نیں تے ناکے لگے ہوئے نیں۔ Bomb proof gate نیں۔ یار! جے تسی اپنا تحفظ نئی کرسکدے تے تساں ساڈیاں جاناں کتھوں بچانیاں نیں۔ عوام نوں تسی تحفظ کتھوں فراہم کرنا اے؟ تسی تے خود غیر محفوظ او۔ جب تک ایس ملک دے وچ

civil supremacy اور پارلیمنٹ دی بالادستی نوں تسلیم نئی کیتا جاوے گا ایس ملک دے وچ نہ امن قائم ہو سکدا اے تے نہ ہی ایہہ ملک ترقی کر سکدا اے۔ میں بجٹ سیشن وچ آکھیا سی۔ میں تہاڈے توں وی ایہہ توقع کرنا آں کہ تسی اوہ حکم وی کرو اور ruling وی دیو گے کہ میرے اثاثے وی منگواؤ تے میں پورے ایوان نوں آکھاں گا کہ اپنے اپنے asserts لے کے آون۔ تے سر ذرا نوکری لگن توں پہلاں تے نوکری لگن توں بعد بیوروکریسی دے اثاثے وی چیک کرو اگر تسی ایہہ کم کروں گے تے ایس ملک دا قرضہ وی لہہ جانا جے تے تہانوں اصل چور دا وی پتہ لگ جانا جے۔ سب پھڑے جان گے۔ ایہہ جیہڑا صرف سیاستداناں لئی نیب نوں چھڈیا ہویا اے اینداُرخ وی فر تھوڑا ایدھر ہووے گا لیکن اوہ وی سانوں ہی کرنا پوے گا۔ میں تے حیران آں وفاق دے نمائندے توں کہ کوئی بل ساڈا نظر ثانی لئی جاندا اے تے اوہ واپس آجاندا اے تے آپ پاک دا بل جاندا اے تے اونہوں منٹاں وچ پاس کر لیندا اے۔ اوہندے تے sign کر کے ٹور دیندا اے۔ گورنر صاحب ساڈے لئی انتہائی قابل احترام نیں۔ ساڈے صوبے دے اندر اور وفاق دے نمائندے نیں۔ اونہاں نوں ایہہ وی پتا ہونا چائی دا اے کہ ایس صوبے دا سب توں وڈا عوامی ایوان جیہڑا اے اوہ اک فیصلہ کر کے پیا بھیجدا اے تے میں صرف چند مٹھی بھر بیوروکریٹس نوں خوش کرن لئی ایہہ سب کج کر دے پئے نیں تا کہ اوہ جوابدہ نہ ہوون۔ ریاست مدینہ دی گل کرن والے ایہہ گل وی سمجھن کہ حضرت علیؓ تے دیوا بجھا دیندے سن کہ بیت المال دے خرچے نال دیوا نئی بالنا۔ تسی اینہاں دا حال ویکھو کہ ایہہ اسلام آباد گئے ہوندے نیں تے انہاں دے اے سی چلدے پئے ہوندے نیں۔ اسی صرف اونہاں نوں جوابدہ بنان لئی بل پیش کیتا سی قطعاً میں کوئی ساری عمر ایتھے نئی رہنا۔

**جناب سپیکر:** مہربانی۔ شاہ صاحب! ہمارے یہاں پر جو تمام ممبران تشریف فرماہیں آپ نے ایک کام کرنا ہے کہ اگر کوئی ڈپٹی کمشنر یا کسی کی بھی فون کال آئے تو آپ نے اس کی کال ریکارڈ کر لینی ہے تا کہ پھر ہم وہ کال اس پورے ہاؤس کو سنائیں اور سب کو پتا چلے کہ یہ کر کیا رہے ہیں اور پھر ہم اس کے بعد یہ بھی پتا کریں کہ یہ کس طرح تعینات ہوا ہے؟ دوسرا گورنر صاحب کے پاس جو ایشو پہنچا تھا وہ تو صرف ایک ایکٹ کے حوالے سے تھا اس کے علاوہ ان کا کوئی بھی role نہیں ہے۔ وہ مسئلہ صحافیوں کا تھا اور صحافیوں نے اس مسئلے کے حوالے سے آپ اور باقی سب ممبران سے بھی بات کی اور پھر ہم

نے alreadyاس چیز کو amend کر کے بھیجا تھا۔ اب کم از کم اس بل کو دیکھنا تو چاہیئے تھا کہ لیکن unfortunately ایسا نہیں ہوا لیکن اب تو خیر یہ بل پاس ہو جائے گا۔ میری تمام ممبران سے یہ گزارش ہو گی کہ انشاءاللہ آئندہ کے لئے آپ کا Privilege Act Bill intact ہے اور اس کا gazette notification ہو چکا ہے۔ اگر اس طرح کا کوئی واقعہ ثبوت کے ساتھ آتا ہے تو انشاءاللہ تعالیٰ ہماری کمیٹی اس کو take up کرے گی پھر انشاءاللہ .we will bring them to task یہ ایک ایسا عمل شروع ہو جائے گا تو پھر اس کا فائدہ ہو گا شاید کچھ دنوں کے لئے تکلیف محسوس کریں لیکن اگر اس میں اصلاح کا پہلو لیں اور کام کرنا شروع کر دیں کیونکہ آپ نے کسی ممبران کے فنڈز روک لئے یا کسی کا کچھ اور کام روک دیا تو یہ کیا طریقہ ہے؟ جب ہماری اسمبلی بجٹ پاس کرتی ہے اور اس میں approvals بھی ہو جاتی ہیں لیکن اس کے بعد جب ممبران کے حلقوں کے لئے فنڈز دے دیئے جاتے ہیں اور آپ یہ کرتے ہیں کہ اِس ممبر کا فنڈ روک لو اور اُس ممبر کو فنڈ دے دو کیوں روک لو؟ آپ لوگوں کو مسئلہ کیا ہے تو اب یہ کام نہیں ہونا؟ جو کوئی اس طرح کام کو روکے گا وہ پھر اِدھر ہی آئے گا یہ اب ایسا نہیں ہو سکتا۔ نعرہ ہائے تحسین)

**جناب سمیع اللہ خان:** جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب سپیکر:** میرا خیال ہے کہ اب اس بات کو ذرا مختصر کریں۔ جی، خان صاحب!

**جناب سمیع اللہ خان:** جناب سپیکر! میں بڑے مختصر وقت میں ایک دو گزارشات کرنی چاہتا ہوں۔ آپ کی طرف سے، چیئر کی طرف سے جن خیالات کا اظہار کیا گیا ہے میرا خیال ہے کہ اس کے بعد کہنے کو بہت کم رہ گیا ہے۔ حزب اقتدار یا حزب اختلاف دونوں sides کی طرف سے آپ کے خیالات کے بعد مزید کچھ کہنے کی ضرورت نہیں ہے۔

جناب سپیکر! آپ اور سید حسن مرتضیٰ صاحب کی طرف سے بیوروکریسی کے اس Bill کے حوالے سے جو تحفظات ہیں ان کے بارے میں بات کی گئی ہے۔ میں بیوروکریسی کے ان تحفظات کو شرارت اور مزاحمت کہوں گا۔ انہوں نے اس Bill کے حوالے سے جو مزاحمت کی ہے وہ ہمیں سمجھ آتی ہے اور آپ نے اسے بالکل ٹھیک طریقے سے بیان کیا ہے۔ اگر یہ بات یہیں تک رہتی تو کوئی بات نہیں تھی کیونکہ اس ہاؤس کے بہت سارے ایسے فیصلے ہوتے ہیں کہ جن پر

بیوروکریسی کے تحفظات ہوتے ہیں لیکن کام چلتا رہتا ہے۔اب اس میں خرابی یہ آئی ہے کہ بیوروکریسی کی مزاحمت پر وفاق کے نمائندے نے اس Bill کو واپس بھیجا ہے اور یہ ایک نئی بات ہوئی ہے۔یہ بالکل ٹھیک ہے کہ ان کا یہ آئینی حق ہے لیکن مختلف اسمبلیوں کی جو تاریخ رہی ہے اس میں ایسے واقعات شاذونادر اور بڑے sensitive issues پر ہوتے ہیں۔میں کہوں گا کہ گورنر پنجاب نے بیوروکریسی کے influence میں آکر ایسا کیا ہے کیونکہ انہوں جو بات اپنی observation میں کہی ہے وہ یہی بات آپ کے آفس کے ساتھ coordinate کر کے بھی convey کر سکتے تھے لیکن انہوں نے یہ مناسب سمجھا کہ وہ اسمبلی کے منظور کئے ہوئے اس قانون کو oppose کریں اور اس Bill کو واپس بھیجیں۔

جناب سپیکر!میں تقریباً ایک یا ڈیڑھ سال پہلے بھی کہہ چکا ہوں کہ اس اسمبلی کا قائد ایوان ایک ہے اور اس کو ایک ہی رہنا چاہئے۔وہ سردار عثمان بزدار کی شکل میں ہو،میاں محمد شہباز شریف یا چودھری پرویز الٰہی کی شکل میں ہو لیکن اس ایوان کا قائد ایک ہی رہنا چاہئے اگر آپ قوت کے مراکز مختلف بنائیں گے،خصوصاً ایسے لوگوں کو لے کر آئیں گے جو کہ سیاست کے اندر بہت ambitious ہوتے ہیں،ان کے goals واضح ہوتے ہیں اور وہ پارٹیوں کے اندر اپنی ambitious منازل بھی رکھتے ہیں تو پھر حالات مختلف ہوں گے۔

جناب سپیکر!ڈیڑھ سال پہلے جب "The Punjab Aab-E-Pak Authority Bill" اسمبلی میں آیا تو میں نے کہا تھا کہ یہ آپ ابتدا کر رہے ہیں۔اس صوبے کا Chief Executive یعنی وزیر اعلیٰ اس ہاؤس میں جواب دہ ہے۔ابھی آپ نے منسٹرز کی جواب دہی کی ہے۔آپ مجھے بتائیں کہ اگر گورنر پنجاب ہمارے انتظامی محکمہ جات میں مداخلت کریں گے تو پھر کیا ہو گا؟پچھلی مرتبہ ایک چیز ابہام میں رہ گئی تھی۔آج میں "The Punjab Aab-E-Pak Authority" کے حوالے سے ان کی Website سے نکال کر ایک کاغذ لایا ہوں۔پچھلی مرتبہ حکومتی benches کی طرف سے یہ تردید آئی تھی کہ "The Punjab Aab-E-Pak Authority" سے گورنر صاحب کا براہ راست کوئی تعلق نہیں ہے۔میں نے آج ان کی Website سے یہ download کیا ہے۔

(اس مرحلہ پر معزز رکن نے کاغذ لہرا کر دکھایا)

جناب سپیکر! میں نے یہ اس لئے download کیا ہے کہ پنجاب کے اندر قوت کا ایک ہی مرکز رہنا چاہئے۔۔۔

**جناب سپیکر:** سمیع اللہ خان صاحب! کافی بات ہو گئی ہے۔ اب آپ تشریف رکھیں۔ آپ کے علم میں ہو گا کہ آئینی طور پر گورنر کو ہاؤس میں discuss نہیں کیا جا سکتا۔

**جناب سمیع اللہ خان:** جناب سپیکر! یہ درست ہے کہ ہم ہاؤس میں گورنر صاحب کی ذات کو discuss نہیں کر سکتے اور یہی تو میرا اعتراض ہے۔ جب آپ "The Punjab Aab-E-Pak Authority" کے اوپر گورنر صاحب کی تصویر لگائیں گے تو پھر اعتراض اُٹھے گا۔ میرا یہی تو اعتراض ہے کہ rules مجھے کہتے ہیں کہ گورنر صاحب کو ہاؤس میں discuss نہ کریں۔ کیوں نہ کریں؟ کیونکہ ان کا Executive Authority میں کوئی role نہیں ہے۔ میں یہی تو کہہ رہا ہوں اور میں نے اُس وقت بھی کہا تھا کہ یہ کام نہ کریں۔

**جناب سپیکر:** چلیں، بات ہو گئی ہے۔ آپ مہربانی کر کے تشریف رکھیں۔ اب ہم next Bill take up کر رہے ہیں۔

## قواعد کی معطلی کی تحریک

**MR SPEAKER:** Now, we take up the Qarshi University (Amendment) Bill 2021. Ms Khadija Umar or any other mover may move the motion for suspension of rules.

**MS KHADIJA UMAR:** Mr Speaker, I move:

> "That the requirements of rule 95(3) of the Rules of Procedure of the Provincial Assembly of the Punjab 1997 may be dispensed with under rule 234 of the Rules *ibid*, for immediate consideration of the Qarshi University (Amendment) Bill 2021."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

"That the requirements of rule 95(3) of the Rules of Procedure of the Provincial Assembly of the Punjab 1997 may be dispensed with under rule 234 of the Rules *ibid*, for immediate consideration of the Qarshi University (Amendment) Bill 2021."

Now, the question is:

"That the requirements of rule 95(3) of the Rules of Procedure of the Provincial Assembly of the Punjab 1997 may be dispensed with under rule 234 of the Rules *ibid*, for immediate consideration of the Qarshi University (Amendment) Bill 2021."

(The motion was carried.)

## مسودہ قانون (ترمیم) قرشی یونیورسٹی 2021

**MR SPEAKER:** First reading starts. Now, we take up the Qarshi University (Amendment) Bill 2021. Ms Khadija Umar may move the motion for consideration of the Bill.

**CHAUDHARY MAZHAR IQBAL:**Mr. Speaker! May I talk on this bill?

**جناب سپیکر:** نہیں، آپ تشریف رکھیں۔

**وزیر قانون وپارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب سپیکر:** جی، فرمائیں!

**وزیر قانون وپارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب سپیکر! میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ جو Bills اس وقت زیر غور لائے جا رہے ہیں یہ مجلس قائمہ کے پاس گئے تھے اور

مجلس قائمہ میں ان Bills کے حوالے سے concerned departments نے اپنی کچھ observations دی تھیں جن کا یہاں پر بھی ذکر کر دیا گیا ہے۔

**جناب سپیکر:** راجہ صاحب! وہ observations آگے آ رہی ہیں۔

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب سپیکر! میں صرف اتنی عرض کرنی چاہتا ہوں کہ ان دونوں Bills میں validation کی Clauses شامل کی گئی ہیں۔ایک Bill میں 2005 سے لے کر آج تک کے لئے validation کی کلاز شامل کی گئی ہیں۔

**جناب سپیکر:** راجہ صاحب! جب وہ stage آئے گی تو اس کو دیکھ لیں گے۔

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب سپیکر! اس زیر غور bill میں بھی validation کی clause شامل ہے۔میری صرف یہ گزارش ہے کہ validation clauses پر غور کر لیا جائے۔

**جناب سپیکر:** راجہ صاحب! آپ کی اپنی حکومت کی ایسی تین مثالیں موجود ہیں یعنی validation clauses کے حوالے سے آپ کی اپنی حکومت کی مثالیں موجود ہیں۔ آپ وہ بھی دیکھ لیں۔ آپ کی اپنی حکومت نے validation کی clauses منظور کی ہیں۔

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب سپیکر! Government Act کی validation ایک الگ چیز ہے لیکن ایک پرائیویٹ یونیورسٹی نے سال 2005 سے لے کر آج تک جو کچھ کیا ہے اگر ہم اس کو validate کر دیں گے تو یہ مناسب نہیں ہو گا۔اسی طرح دوسرے bill میں سال 2011 سے لے کر آج تک کے لئے validation کی کلاز شامل کی گئی ہے۔

**جناب سپیکر:** جناب محمد بشارت راجہ صاحب! دیکھیں، یہ تو مجھ اور آپ سے پہلے کی بات ہے۔اُس وقت انہوں نے کچھ ڈگریاں بھی award کی ہوئی ہیں۔یہی تو مصیبت ہے کہ جب اس کی منظوری دی جا رہی تھی تو اُس وقت اس چیز کو نہیں دیکھا گیا۔ بہر حال اس کو دیکھ لیتے ہیں۔ابھی آگے جب یہ مرحلہ آئے گا تو پھر اس کو دیکھ لیں گے۔جی، محترمہ خدیجہ عمر صاحبہ!

**MS KHADIJA UMAR:** Mr Speaker, I move:

"That the Qarshi University (Amendment) Bill 2021, as recommended by Special Committee No 9, be taken into consideration at once."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

"That the Qarshi University (Amendment) Bill 2021, as recommended by Special Committee No 9, be taken into consideration at once."

Since there is no amendment in it, the question is:

"That the Qarshi University (Amendment) Bill 2021, as recommended by Special Committee No 9, be taken into consideration at once."

(The motion was carried.)

**CHAUDHARY MAZHAR IQBAL:** Mr. Speaker! I want to point out few facts about this bill.

**جناب سپیکر:** نہیں، آپ تشریف رکھیں۔

**وزیر ہائر ایجوکیشن (جناب یاسر ہمایوں):** جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب سپیکر:** جی، فرمائیں!

**وزیر ہائر ایجوکیشن (جناب یاسر ہمایوں):** جناب سپیکر! پرائیویٹ سیکٹر کی یونیورسٹیوں کے حوالے سے bills زیر غور لائے جا رہے ہیں۔ یہ بالکل اسمبلی کا right and privilege ہے۔ ہم قطعاً اس کو oppose نہیں کرتے لیکن discuss کرنے والی یہ چیز ہے کہ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کا ایک bill already in place ہے جس کا overwhelming effect ہے اور یہ موجودہ bills جو کہ اس وقت زیر غور ہیں یہ اس کے ساتھ anomalies create کرتے ہیں۔ اس

حوالے سے ہم نے Special Committee میں بھی بات کی تھی۔ اگر یہ point زیر بحث ہے تو اس حوالے سے یہاں پر ووٹنگ ہونی چاہیے۔

**جناب سپیکر:** جناب یاسر ہمایوں صاحب! یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کا bill الگ ہے۔ میں آپ کو ایک بات یاد کروا دوں کہ پچھلے دنوں آپ نے ایک bill پاس کروایا تھا۔۔۔

**(اذان عصر)**

**جناب محمد مرزا جاوید:** جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر! ایوان میں کورم نہیں ہے لہٰذا آپ پہلے کورم پورا کریں اور پھر کارروائی چلائیں۔ میں کورم کی نشاندہی کرتا ہوں۔

**جناب سپیکر:** میں آپ کو بتاؤں کہ Private Member's Day پر کورم point out نہیں ہوتا۔ آپ تشریف رکھیں۔ وزیر ہائر ایجوکیشن، راجہ یاسر ہمایوں صاحب! یہ bill مجلس قائمہ کے پاس آیا تھا اور آپ وہاں پر موجود تھے۔ کمیٹی میں اس bill کی ایک ایک clause discuss کرنے کے بعد منظور کی گئی ہے۔ یہ سارے اعتراضات آپ نے Standing Committee میں اُٹھائے تھے اور وہاں پر یہ clear ہوئے ہیں۔

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں): جناب سپیکر! میری ایک درخواست آپ سُن لیں۔ فیصلہ تو آپ نے ہی کرنا ہے۔

**جناب سپیکر:** جی، فرمائیں!

**رانا محمد اقبال خان:** جناب سپیکر! مرزا محمد جاوید صاحب کی طرف سے کورم کی نشاندہی کی گئی ہے لہٰذا آپ پہلے گنتی کروالیں اور کورم پورا کریں۔

**جناب سپیکر:** نہیں نہیں، آپ رہنے دیں۔ Private Member's Day پر کوئی کورم point out نہیں ہو سکتا۔ آپ تشریف رکھیں۔

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں): جناب سپیکر! میری ایک مختصر سی درخواست ہے۔ یہ obviously Private Member Bill ہے اور تمام معزز ممبران تب ہی ووٹنگ کرتے ہیں

جب وہ bill کو دیکھ اور پڑھ لیں۔ ہم نے جو amendments تجویز کی تھیں کیا وہ اس bill میں add ہو چکی ہیں؟ یہ bill تو کسی نے دیکھا نہیں ہے۔

**جناب سپیکر:** منسٹر صاحب! اگر وہ amendments add نہیں ہوئیں تو ہو جائیں گی۔

CLAUSES 2 TO 9

**MR SPEAKER:** Second reading starts. Now, we take up the Bill clause by clause. Now, Clauses 2 to 9 of the Bill are under consideration. Since there is no amendment in these clauses, the question is:

"That the Clauses 2 to 9 of the Bill, do stand part of the Bill."

(The motion was carried.)

CLAUSE 1, PREAMBLE AND LONG TITLE

**MR SPEAKER:** Now, Clause 1, The Preamble and The Long Title of the Bill are under consideration. Since there is no amendment in them, the question is:

"That Clause 1, The Preamble and The Long Title of the Bill, do stand part of the Bill."

(The motion was carried.)

**MR SPEAKER:** Third reading starts. Ms Khadija Umar may move the motion for passage of the Bill.

**MS KHADIJA UMAR:** Mr Speaker, I move:

"That the Qarshi University (Amendment) Bill 2021, be passed."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

"That the Qarshi University (Amendment) Bill 2021,

be passed."

Now, the question is:

"That the Qarshi University (Amendment) Bill 2021,

be passed."

(The motion was carried.)

(The Bill is passed.)

Applause!

**جناب سپیکر:** اب اجلاس بروز جمعۃ المبارک مورخہ 6-اگست 2021 بوقت صبح 00-9 تک کے لئے ملتوی کیا جاتا ہے۔

---